87250
87250

کتاب ——— فاضل بریلوی علمائے حجاز کی نظر میں

مؤلف ——— ڈاکٹر محمد مسعود احمد

نظر ثانی ——— مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری

کتابت ——— ادارہ پروین کتابت۔ لاہور

پروف ریڈنگ ——— اختر شاہجہانپوری

ناشر ——— مرکزی مجلس رضا، لاہور

مطبع ——— اردو ڈائجسٹ پرنٹرز۔ ۲۴ سرکلر روڈ، بیرون لوہاری گیٹ، لاہور

سنہ طباعت ——— رمضان المبارک ۱۳۹۳ھ/۱۹۷۳ء

اشاعت ——— اول

تعداد ——— ایک ہزار

ہدیہ ——— دعائے خیر بحق معاونین مجلس رضا

ملنے کا پتہ

مرکزی مجلس رضا، نوری مسجد، بالمقابل ریلوے اسٹیشن، لاہور

نوٹ: یہ کتاب بذریعہ رجسٹری بھیجی جائے گی۔ لہذا بیرون جات کے اصحاب ایک روپے کا ٹکٹ بھیج کر طلب کریں۔ ورگرنہ تعمیل ارشاد نہ ہوگی۔

Marfat.com

3985



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# حرفِ آغاز

مرکزی مجلس رضا لاہور ۱۳۸۸ھ میں اس لئے قائم کی گئی تھی کہ امام اہلِ سنت اعلیٰ حضرت مولانا مفتی شاہ احمد رضا خان قادری قدس سرہ کے بلند علمی مقام اور ان کی عظیم دینی، ملی خدمات اور اُن کے بے پناہ عشقِ رسول مقبول (صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم) سے عوام وخواص کو صحیح طور پر متعارف کرایا جائے۔ اس لئے کہ اس سے قبل اس عبقری اسلام کے بارے میں اپنوں نے غفلت سے کام لیا اور بیگانوں نے وہی کچھ کیا، جو بیگانے کیا کرتے ہیں۔

اللہ تعالےٰ کا لاکھ لاکھ احسان ہے، کہ اس کی دی ہوئی توفیق کے بدولت اراکین مرکزی مجلس رضا نے چند سالوں میں اتنا کام کیا کہ اس کی صحیح قدر آئندہ کا قلم کار کرے گا ——
ہم عاجز و ناتواں بندوں کو اللہ تعالےٰ نے یہ بھی ہمت عطا کی کہ اپنی تمام مطبوعات کو بصرفِ زرِ کثیر طبع و شائع کیا اور بغیر کسی معاوضہ کے قارئین کرام تک پہنچایا۔ پاکستان اور غیر ممالک کے اہلِ علم کی خدمت میں یہ کتابیں از خود تحفۃً ارسال کی گئیں۔ نیز دُنیا کی تقریباً تمام بڑی بڑی لائبریریوں میں یہ مطبوعات بھجوائیں۔ چنانچہ پاکستان سے باہر ایران، افغانستان، کویت، سعودی عرب، افریقہ، انگلستان امریکہ، تھائی لینڈ، فرانس، بھارت، نیوزی لینڈ، کینیڈا تک کے کتب خانوں اور ان ممالک کے اہلِ علم حضرات کی خدمت میں یہ کتابیں پہنچ چکی ہیں۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔

مرکزی مجلس رضا لاہور حسبِ ذیل کتب شائع کر چکی ہے:

تجلی المشکوٰۃ از اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرہ (۵ ہزار)۔ اعلیٰ حضرت بریلوی کا فقہی مقام از مولانا عبدالحکیم اختر شاہجہان پوری (ایک ہزار)، سوانح سراج الفقہا تالیف مولانا محمد عبدالحکیم شرف (ایک ہزار)، فاضل بریلوی اور ترکِ موالات از پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد (ہزار ہزار کے تین ایڈیشن) پیغاماتِ یومِ رضا (ایک ہزار) مولانا احمد رضا خان کی نعتیہ شاعری از ملک شیر محمد خاں اعوان۔

—— اس سلسلے کی ساتویں کتاب فاضل بریلوی علمائے حجاز کی نظر میں آپ کے پیش نظر ہے، اس تحقیقی کتاب

Marfat.com

کے بارے میں کچھ کہنا غیر ضروری ہے، کتاب پڑھیئے اور فاضل مصنف حضرت پروفیسر محمد مسعود احمد ایم۔اے۔پی۔ایچ۔ڈی کی کاوش وتحقیق اور ان کے سلجھے ہوئے انداز بیان کی داد دیجئے اور رب العزت کی بارگاہ عالیہ میں دعا کیجئے کہ جناب پروفیسر صاحب موصوف اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ پر جو مبسوط کتاب لکھ رہے ہیں، اسے جلد از جلد پایۂ تکمیل کو پہنچا سکیں۔ آمین!

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی نور اللہ مرقدہٗ سے متعلق لٹریچر کی اشاعت کے علاوہ مرکزی مجلس رضا۔ لاہور ہر سال جلسۂ یوم رضا بھی منعقد کرتی ہے، جو نوری مسجد بالمقابل ریلوے اسٹیشن لاہور انعقاد پذیر ہوتا ہے۔ اس مقدس اور عظیم دینی و روحانی اجتماع کی افادی حیثیت وہ حضرات بخوبی جانتے ہیں، جو اس جلسہ میں شرکت فرما چکے ہیں۔ نیز مجلس رضا کی تحریک پر ملک کے اکثر مقامات پر یوم رضا منایا جانے لگا ہے۔

ہمارا آئندہ پروگرام اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے نہایت وسیع ہے، بہت سے علماء کرام اور مورخین کے رشحات قلم منتظر طباعت ہیں۔ مثلاً مولانا ابو الصالح محمد فیض احمد اویسی صاحب، مولانا غلام رسول سعیدی صاحب جناب سید نور محمد قادری صاحب اور جناب شمس الاطباء حکیم محمد حسین بدر صاحب کے قیمتی مقالات کی طباعت کا مسئلہ درپیش ہے۔ بہر حال یہ قیمتی کتابیں اپنے اپنے وقت پر طبع ہو کر شائقین کی نذر ہوتی رہیں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

آخر میں ان معاونین مجلس رضا کا شکریہ ادا کرنا نہایت ضروری سمجھتا ہوں، جن کی مالی امداد و اعانت سے یہ قیمتی کتب ورسائل طبع وشائع ہوئے۔ قارئین کرام سے درخواست ہے کہ اراکین ومعاونین مجلس کی سلامتی ایمان اور ان کے کاروبار میں خیر و برکت کے لئے دعا کریں۔ جناب پروفیسر محمد مسعود احمد زید علمہ کا شکریہ ادا کرنا بھی ہمارے فرائض میں شامل ہے۔ جنہوں نے ہماری درخواست پر اعلیٰ حضرت بریلوی پر کام کرنے کے لئے اپنا قیمتی وقت صرف کیا اور لکھنے کا حق ادا کر دیا (جزاہ اللہ تعالیٰ)

اس سلسلے کی ان کی پہلی پیش کش، فاضل بریلوی اور ترک موالات، ذی علم اور منصف مزاج حضرات میں بنظر استحسان دیکھی گئی اور غایت درجہ مؤثر ومفید ثابت ہوئی، اور یہ دوسری پیش کش پہلی سے بھی زیادہ سود مند ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ ——— مرکزی مجلس رضا کی خدمات کا تفصیلی جائزہ پھر کبھی پیش کیا جائے گا۔

طالب دعا

یکم رمضان المبارک لاہور ۱۳۹۳ھ

محمد مقبول احمد قادری رضوی ضیائی

Marfat.com

# فہرس

افتتاحیہ ۱۱
تجلّیات حرمین ۲۵
سخن ہائے گفتنی ۳۹
حیات مبارک ۶۵

فاضل بریلوی علماء حجاز کی نظر میں
۹۱ — ۱۶۶

پہلا باب
الدولة المكية بالمادة الغيبيّة
۱۰۱ — ۱۳۸

دوسرا باب
حسام الحرمين على منحر الكفر والمين
۱۳۹ — ۱۵۴

تیسرا باب
كفل الفقيه الفاهم فی احكام قرطاس الدراهم
۱۵۵ — ۱۶۷

استدراک ۱۶۷
مآخذ و مراجع ۲۰۷

Marfat.com

نام ـــــ الطرۃ الرضیہ علی النیرۃ الوضیہ
رکھا گیا، یہ کتاب قابل دید اور مسائل حج میں بے نظیر ہے، مطبع انوار احمدی
لکھنؤ میں ۱۳۰۸ھ/ ۱۸۹۰ء میں طبع ہوئی۔ [1]

○

ان بیانات سے ایک طرف تو فاضل بریلوی کی علمی اور روحانی برتری اور تفوق کا اندازہ ہوتا ہے اور دوسری طرف عربی زبان پر مہارت تامہ کا پتہ چلتا ہے، ایسی مہارت جس پر خود اہل عرب رشک کریں، یہ کوئی مبالغہ نہیں بلکہ حقیقت ہے، فاضل بریلوی کے خلیفۂ اجل حضرت مولانا شیخ ضیاء الدین مدنی مدظلہ العالی نے علامہ حافظ محمد احسان الحق (گوجرانوالہ) سے بیان فرمایا :-

ایک مرتبہ مصر کے فاضل ترین علماء کرام کے اجتماع میں میں نے اعلیٰ حضرت قبلہ قدس سرہ کا مندرجہ ذیل قصیدہ عربیہ پڑھا تو انہوں نے بیک زبان کہا کہ یہ قصیدہ کسی فصیح اللسان، عربی النسل عالم دین کا لکھا ہوا معلوم ہوتا ہے، میں نے بتایا کہ اس قصیدے کے لکھنے والے مولانا احمد رضا بریلوی ہیں جو عربی نہیں بلکہ عجمی ہیں، علماء مصر حیرت کے سمندر میں ڈوب گئے کہ وہ عجمی ہو کر عربی میں اتنے ماہر ہیں۔ قصیدہ یہ ہے :-

الحمد للمتوحد ... بجلاله المتفرد
وصلوته دوماً علی ... خیر الانام محمد

---

[1] شاہ محمود جان : ذکر رضا، مطبوعہ ماہنامہ اعلیٰ حضرت (بریلی) ۱۳۸۲ھ/ جون ۱۹۶۲ء، مجدد اعظم نمبر ص ۸ (یہ کتاب عنقریب مکتبہ رضویہ لاہور کی طرف سے شائع کی جا رہی ہے)۔

نوٹ : اس رسالے کے صفحہ ۲۶ پر مولینا حبیب الاسلام صاحب نسیم اعظمی نے تعارف کے عنوان سے علمائے حرمین شریفین کے اعزازی کلمات کو مختصراً پیش کیا ہے۔ مسعود

Marfat.com

والآل والاصحاب ھم ... ماوای عند شدائد

فالی العظیم توسلی ... بکتابہ وباحمد

وبمن اتی بکلامہ ... وبمن ھدٰی وبمن ھُدِی

وبطیبۃ وبمن حوت ... وبمنبر وبمسجد

وبکل من وجد الرضا ... من عند ربّ واحد [۱]

○

پہلی بار زیارت حرمین شریف کے موقعہ پر فاضل بریلوی کی جو عزت افزائی ہوئی اس کا مختصر حال اوپر بیان کیا جا چکا ہے۔ ۱۳۲۳ھ/ ۱۹۰۵ء میں جب دوسری بار تشریف لے گئے تو وہ اعزاز و اکرام ہوا کہ اہل پاک و ہند کو جس کا گمان بھی نہ ہوگا۔ انشاء اللہ اس کی تفصیل آگے آئیگی۔

پہلی بار سفر حج کے بعد علمائے حرمین کے سامنے فاضل بریلوی کے بعض فتوے پیش کیے گئے جس سے ان کے دلوں پر آپ کی فضیلت علمی اور تحقیق و استدلال کا سکہ بیٹھ گیا۔ تعارف تو پہلے ہی ہو چکا تھا۔ من جملہ ان فتاوی کے فتاویٰ موسومہ

"الجام السنۃ لاھل الفتنۃ"

تھا جس کا موضوع ندوہ کے علماء کی تردید تھا۔[۲] ۱۳۱۶ھ/ ۱۸۹۸ء میں یہ رسالہ علمائے حرمین کے سامنے پیش کیا گیا اور اس پر ان کی تصدیقات حاصل کر کے ۱۳۱۷ھ میں بہ تصدیقات

"فتاوی الحرمین برجف ندوۃ المین"

---

[۱] محمد احسان الحق: "عرب میں جا کے ان آنکھوں نے دیکھا جس کی صولت کو" مطبوعہ ماہنامہ "رضائے مصطفےٰ" (گوجرانوالہ) ۱۳۹۱ھ/ اپریل ۱۹۷۱ء ص ۳

نوٹ: قصیدہ عربیہ طویل ہے یہاں بخوف طوالت چند اشعار پیش کیے گئے ہیں۔ مسعود

[۲] علماء ندوہ صلح کل کے داعی تھے اور ہر کلمہ گو کو مسلمان سمجھتے تھے خواہ اسکے عقائد کچھ ہی کیوں نہ ہوں گویا وہ اجمال کے قائل تھے تفصیل سے سرکار نہ رکھتے تھے، ممکن ہے کہ اس زمانے کے سیاسی حالات نے ان کو یہ لائحہ عمل اختیار کرنے پر مجبور کیا ہو۔ فاضل بریلوی اس نہج و اضع فکری اور علمی تحریک کو اچھی نظر سے نہ دیکھتے تھے اور اسکے سخت مخالف تھے

(باقی صفحہ ۹۷ کے نیچے)

Marfat.com

کے نام سے شائع ہوئیں۔ یہ ساری تفصیل مولوی عبد الحئ لکھنوی نے نزھتہ الخواطر (جلد ہشتم) میں دی ہے۔ وہ تحریر فرماتے ہیں:-

انعقدت حفلة "مدرسة فیض عام" سنة احدی عشرة و ثلاث مائة والف فی کانفور، وحضرها اکثر العلماء النابھین وھی الحفلة التی تاسست فیھا ندوة العلماء، ومن اکبر اغراضھا توحید کلمة المسلمین واصلاح ذات البین بین علماء الطوائف واصلاح التعلیم الدینی، و حضرھا المفتی احمد رضا المترجم وخرج منھا وقد قرر محاربة ھذہ الجمعیة، فاصدر صحیفة اسماھا

"التحفة الحنفیة"

لمعارضة ندوة العلماء، والف نحو مأة رسالة و کتاب فی الرد علیھا، واخذ فتاوی العلماء فی انحاء الھند و توقیعاتھم فی تکفیر علماء الندوة، وجمعھا فی کتاب سماہ۔

الجام السنة لاھل الفتنة

واخذ علی ذالک توثیق علماء الحرمین ونشر فی مجموعة سماھا

"فتاوی الحرمین برجف ندوة المین"

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۹۶) علماء دیوبند بھی اس تحریک اور اس کے بانی کو مشکوک نظروں سے دیکھتے تھے، چنانچہ مفتی کفایت اللہ صاحب نے اپنے فتوے (مطبوعہ تحفہ ہندیہ پریس دہلی ۱۳۳۲ھ) میں دار الندوہ کے روح رواں مولوی شبلی نعمانی پر سخت تنقید کی ہے اور اس کو معتزلہ اور ملاحدہ میں شمار کیا ہے، اسی طرح مولانا انور شاہ کشمیری نے بھی مقدمہ مشکلات القرآن (ص ۳۲) میں مولوی شبلی کے لئے بہت سخت جملے استعمال کئے ہیں (بحوالہ سوانح اعلیٰ حضرت ص ۵۵-۵۶)

Marfat.com

فی سنة سبع عشرة وثلاث مأة الف[1]

(ترجمہ) ۱۳۱۱ھ (۱۸۹۳ء) میں کانپور "مدرسۂ فیض عام" میں ایک اجتماع منعقد ہوا، اس میں بہت سے علماء کرام تشریف لائے، یہ وہی اجتماع ہے جس میں ندوۃ العلماء کی بنیاد ڈالی گئی جس کے اغراض و مقاصد یہ تھے کہ مسلمانوں کو متحد کیا جائے، ان کی اصلاح کی جائے، علماء کے مختلف طبقوں کو قریب لایا جائے، دینی تعلیم کی اصلاح کی جائے، اس ادارے میں مفتی احمد رضا خاں بھی آئے لیکن پھر علیحدہ ہوگئے اور اس جمعیت سے آمادۂ پیکار ہوگئے۔ چنانچہ انہوں نے "ندوۃ العلماء" کی مخالفت میں ایک رسالہ "التحفة الحنفیه" جاری کیا، اس کے علاوہ علماء ندوہ کے خلاف سو (۱۰۰) رسالے لکھے اور ہندوستان کے علماء سے انکی تکفیر کے فتوے لیے، اس پر تقریظیں حاصل کیں اور ان سب کو یکجا کر کے کتابی شکل دی اور اس کا نام "الجام السنه لاهل الفتنه" رکھا اور پھر اس پر علمائے حرمین کی توثیقات حاصل کیں اور ان سب کو ایک مجموعے کی شکل میں ۱۳۱۷ھ/ (۱۸۹۹ء) میں شائع کیا۔ اس مجموعے کا نام تھا:-

فتاوی الحرمین برجف ندوۃ المین

○

فاضل بریلوی کے پہلے سفر حج کے دوران علماء حرمین کافی متاثر ہو چکے تھے، پھر جب علماء کے سامنے آپ کے فتوے پیش کئے گئے تو ان کو آپ کے تبحر علمی اور قوت استدلال کا اندا
ہوا اور آپ کی عظمت کا سکہ ان کے دلوں پر بیٹھ گیا۔ چنانچہ جب دوسری بار سفر حج پر تشریف

---

[1] عبدالحی لکھنوی: نزهة الخواطر وبهجة المسامع والنواظر، الجزء الثامن، مطبع مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ، حیدرآباد دکن ۱۳۹۰ھ/ ۱۹۷۰ء، ص ۴۰

Marfat.com

لے گئے، تو غیر معمولی اعزاز و اکرام سے نوازا گیا۔ غالباً مخالفین کو اس کا پہلے سے اندازہ تھا۔ اس لئے انہوں نے اپنا کام شروع کیا۔ اسی زمانے میں مولانا خلیل احمد انبیٹھی بھی وہاں تشریف لے گئے۔ فاضل بریلوی کے زمانۂ قیام میں موصوف کا وہاں جانا معنی خیز معلوم ہوتا ہے۔ فاضل بریلوی نے ان کی موجودگی کا اس طرح ذکر کیا ہے:۔

اور یہ تمہیں یاد رہے کہ یہ کتاب براھین قاطعہ جو خلیل احمد انبیٹھی کی طرف منسوب ہے جو اس سال حج کعبہ کو آیا اور ابھی یہاں موجود ہے اور اس پر اس کے استاد رشید احمد گنگوہی نے تقریظ لکھی اور اس کے ایک ایک حرف کو صحیح بتایا، ہمارے سردار علماء حرمین شریفین اس کا ردّ فرما چکے ہیں [1]

غالباً مولوی خلیل احمد کے ایما پر براھین قاطعہ کا سہارا لے کر جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کو ابلیس لعین کے علم سے کم تر بتایا ہے، مسئلہ علم غیب کے بارے میں ایک بحث چھیڑی گئی اور حکومتِ وقت کو بھی اس میں ملوث کیا گیا۔ مگر فاضل بریلوی نے اس کا مسکت جواب دیا اور اس فاضلانہ، عارفانہ اور محققانہ جواب کو "الدولۃ المکیہ بالمادۃ الغیبیۃ" (۱۳۲۳ھ) کے تاریخی نام سے معنون کیا اور پھر اس پر علمائے حجاز کی تصدیقات حاصل کر کے ان تصدیقات کو الفیوضات الملکیہ لمحب الدولۃ المکیہ (۱۳۲۶ھ) کے نام سے شائع کیا گیا۔ ان تصدیقات کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ علمائے عرب فاضل بریلوی کی شخصیت و علمیت سے

---

[1] مولینا احمد رضا خاں : الدولۃ المکیۃ، ص - ۲۹۷

Marfat.com

الدولۃ المکیہ دو حصوں پر مشتمل ہے، پہلے حصے میں جو نسبتاً ضخیم ہے مسئلہ علم غیب[1] پر فاضلانہ اور محققانہ بحث فرمائی ہے بعض مباحث جن کا تعلق علم ریاضی و علم منطق و فلسفہ سے ہے، عامۃ الناس بلکہ اب تو خواص کے فہم سے بھی بالاتر ہوں گے۔

دوسرے حصے میں دوسرے چار سوالات کے جوابات پیش کئے گئے ہیں جن کا تعلق مولانا شاہ سلامت اللہ کی کتاب اعلام الاذکیاء (مطبوعہ ہند) کے آخر میں واقع ایک عبارت سے ہے اور ایک سوال کا تعلق شیخ عبدالحق محدث دہلوی کے خطبہ مدارج النبوۃ سے ہے۔ یہ کتاب ۲۶ اور ۲۷ ذی الحجہ ۱۳۲۳ھ کو دو نشستوں میں صرف ساڑھے آٹھ گھنٹے میں تصنیف فرمائی۔ جیسا کہ اس کتاب کے آخر میں خود صراحت فرمائی ہے۔

الدولۃ المکیہ کے دیباچے میں فاضل بریلوی نے وہ تمام تفصیلات دی ہیں جو اس کتاب کی تدوین و ترتیب کے محرکات میں شامل ہیں۔ اور جو اہمیت سے خالی نہیں۔ آپ فرماتے ہیں:۔

---

[1] فاضل بریلوی نے مسئلہ علم غیب پر کئی رسائل تصنیف فرمائے۔ منجملہ ان کے سات رسائل یہ ہیں:۔

(ا) ازاحۃ الغیب ۱۳۳۰ھ/۱۹۱۱ء (ھ) مالی الجیب بعلوم الغیب (۱۳۱۸ھ/۱۹۰۰ء)

(ب) الجلاء الکامل ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء (و) اللؤلؤ المکنون فی علم البشیر ما کان وما یکون

(ج) ابراء المجنون ۱۳۲۳ھ/۱۹۰۵ء (۱۳۱۸ھ/۱۹۰۰ء)

(د) حبل الوراۃ (ز) انباء المصطفیٰ بحال سر و اخفی (۱۳۱۸ھ/۱۹۰۰ء)

Marfat.com

فاضل بریلوی کے صاحب زادے حضرت مولینا حامد رضا خاں علیہ الرحمہ بھی رفیق سفر تھے۔ موصوف نے فاضل بریلوی کے رسالے کفل الفقیہ الفاھم فی احکام قرطاس الدراھم (۱۳۲۴ھ / ۱۹۰۶ء) کے دیباچے میں کچھ روشنی ڈالی ہے۔ آپ تحریر فرماتے ہیں:-

سال گزشتہ سے پہلے سال دوسری بار زیارت حرمین شریفین اور حج کے لئے متوجہ ہو گئے[1] مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ میں خوب خوب عزت و توقیر کی گئی۔ وہاں علماء و فضلا اور مشاہیر بڑے اعزاز و اکرام سے ملے، دست بوسی کی، حدیث مسلسل بالاولیۃ سنی، حدیث کی کتابوں صحاح و سنن و مسانید و معاجیم اور چاروں مصافحوں کی اجازت لی، یہاں تک کہ ان کے ہاتھ پر بیعت کی اور سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ میں منسلک ہوئے اور یہ تمام باتیں چھوٹی اور بڑی سب ان عمائد، علماء اور اکابر کے اصرار سے ہوئیں۔ دراصل رسالہ الدولۃ المکیہ بالمادۃ الغیبۃ (۱۳۲۳ھ) نے حرمین شریفین میں آپ کا غلغلہ برپا کر دیا۔ یہ کتاب مجموعی طور پر ساڑھے آٹھ گھنٹوں میں تالیف فرمائی۔ اس رسالے سے وہاں کے علماء کو محسوس ہوا کہ مصنف مشاہیر علوم معقول و منقول میں بلند درجہ رکھتے ہیں۔ چنانچہ آپ سے استفسارات کا سلسلہ شروع ہو گیا[2]

مولینا حکیم عبد الحئی لکھنوی نے بھی سرزمین حجاز میں آپ کی تالیفات اور سرعت تحریر کا ذکر کیا۔ وہ لکھتے ہیں :-

وسافر الی الحرمین الشریفین عدۃ مرات، وذاکر علماء الحجاز

---

[1] فاضل بریلوی کے سوانح نگار مولانا بدر الدین احمد رضوی قادری نے اپنی تالیف "سوانح اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی" کے صفحات ۲۶۱ تا ۲۷۹ میں شرح و بسط کے ساتھ فاضل بریلوی کے سفر حجاز اور متعلقہ حالات و واقعات کا ذکر کیا ہے۔ تفصیل مطلوب ہو تو قارئین کرام اس طرف رجوع فرمائیں۔

[2] مولانا احمد رضا خاں : کفل الفقیہ الفاھم فی احکام قرطاس الدراھم (۱۳۲۴ھ / ۱۹۰۶ء) مقدمہ از مولانا حامد رضا خاں بریلوی، ص ۴-۶

فی بعض المسائل الفقهیّة والکلامیّة والّف بعض الرسائل اثناء اقامته بالحرمین واجاب عن بعض المسائل التی عرضت علی علماء الحرمین، واعجبوا بغزارة علمه وسعة اطلاعه علی المتون الفقهیّة والمسائل الخلافیّة وسرعة تحریره وذکائه[2]

(ترجمہ) کئی بار حرمین شریفین کا سفر کیا اور علماء حجاز سے بعض مسائل فقہیہ اور کلامیہ میں مذاکرہ بھی کیا۔ حرمین شریفین کے قیام کے زمانے میں بعض رسائل بھی لکھے[1] اور علماء حرمین نے بعض سوالات کئے تو ان کے جوابات بھی تحریر کئے۔ متون فقیہ اور اختلافی مسائل پر ان کی ہمہ گیر معلومات، سرعت تحریر اور ذہانت کو دیکھ کر سب کے سب حیران و ششدر رہ گئے۔

○

---

[1] حرمین شریفین کے زمانۂ قیام میں فاضل بریلوی نے یہ رسائل تصنیف فرمائے:۔

(۱) النیرة الوضیة فی شرح الجوهرة المضیّة (۱۲۹۵ھ)

(۲) الدولة المکیة بالمادة الغیبیّة (۱۳۲۳ھ)

(۳) کفل الفقیه الفاهم فی احکام قرطاس الدراهم (۱۳۲۳ھ)

(۴) الاجازة الرضویة لمبجل مکة البهیة (۱۳۲۴ھ)

[2] عبدالحئی لکھنوی: نزهة الخواطر (الجزء الثامن)، ص ۳۹

نوٹ: فاضل بریلوی کی اس سرعت تحریر و تصنیف و تالیف اور وسعت علم کو دیکھ کر خطیب مسجد حرام (مکہ معظمہ) شیخ محمد صالح علیہ الرحمہ نے فرمایا تھا:۔

ورأس المؤلفین فی زمانه (الفیوضات الملکیه، ص ۷۵)

وامام المصنفین بحکم اقرانه (ایضاً)

(ترجمہ) اپنے زمانے میں تمام مؤلفوں کا سردار ہے اور خود اپنے معاصرین کی شہادت سے سب مصنفوں کا امام ہے۔

Marfat.com

تاثر دینے کی کوشش کرے کہ علمائے عرب نے فاضل بریلوی کی تعریف و توصیف میں جو کچھ لکھا محض غلط فہمی کی بنا پر لکھا[1] بلکہ وہ ٹھنڈے دل سے تعصب سے بالاتر رہ کر مسئلے کی تحقیق کی طرف متوجہ ہو اور پھر علمائے حرمین کی تصدیقات کو غور و فکر کے ساتھ پڑھے اور یہ سوچے کہ دیار بعید میں جو علم و حکمت کا گہوارہ ہے ایک عجمی عالم کی اتنی قدر و منزلت کیوں کی گئی اور علماء کی ایک کثیر جماعت اس کی تعریف میں رطب اللسان ہے اور پھر اگر خدا توفیق دے تو اس مرد کامل کی طرف سے اپنی بدگمانیوں کو دور کر کے صراط مستقیم اختیار کرے۔

○

جیسا کہ عرض کیا گیا الدولۃ المکیہ کے حصہ اوّل کا موضوع مسئلہ علم غیب ہے، فاضل بریلوی پر یہ تہمت تھی کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو علم الٰہی کے مماثل قرار دیتے ہیں مگر کتاب مذکور کے مندرجات سے اس خیال خام کی پرزور تردید ہوتی ہے۔ ہم قارئین کرام کی تطہیر و تزئین قلب و نظر کے لئے بعض ضروری اقتباسات پیش کرتے ہیں۔

(۱)

جو غیر خدا سے علم غیب کی مطلقاً ایسی نفی کرے کہ کسی طرح ثابت ہی نہ مانے وہ ان آیتوں سے کفر کر رہا ہے جو ثابت فرماتی ہیں اور جو مطلقاً اس طرح ثابت کرے کہ کسی وجہ سے نفی مانے ہی نہیں، وہ ان آیتوں سے کفر کرتا ہے جو نفی

---

[1] چنانچہ مولانا خلیل احمد انبیٹھی نے حسام الحرمین اور المعتقد المنتقد کے جواب میں المھند علی المفند تحریر فرمائی جو ۱۳۲۵ھ/۱۹۰۷ء میں شائع ہوئی (علمائے اہل سنت کی طرف سے اس کا رد "رادا لمھند" کے نام سے شائع ہوا) اسی طرح مولینا حسین احمد مدنی نے رسالہ الشہاب الثاقب علی المسترق الکاذب تحریر فرمایا جو دیوبند سے ۱۳۲۵ھ/۱۹۰۷ء سے شائع ہوا۔ دونوں رسائل میں یہ تاثر دینے کی کوشش کی ہے کہ فاضل بریلوی نے جو کہا غلط ہے اور اس پر علمائے عرب نے جو تصدیقات تحریر فرمائیں محض غلط فہمی کی بنا پر ہیں۔ راقم نے اس قسم کے رسائل کا اس کتاب کے آخر میں اسنند داک کے تحت جائزہ لیا ہے۔ تفصیلات وہاں ملاحظہ کریں۔ مسعود

Marfat.com

کہ ہم بوند کے اس حصے کے برابر یکے بعد دیگرے ان سمندروں میں سے پانی پیتے جائیں تو ضرور ان سمندروں پر ایک دن وہ آئے گا کہ ختم و فنا ہو جائیں گے کہ آخر متناہی ہیں لیکن غیر متناہی میں سے کتنے ہی بڑے متناہی حصے کی امثال پیتے چلے جاؤ تو حاصل ہمیشہ متناہی ہوگا اور اس میں ہمیشہ غیر متناہی باقی رہے گا تو کبھی کوئی نسبت حاصل نہیں ہو سکتی۔ یہ ہے ہمارا ایمان اللہ عزوجل پر[1]

(۳۲)

اللہ سبحانہ نے غیب پر ایمان لانے کا حکم دیا ہے اور ایمان تصدیق ہے اور تصدیق علم ہے تو جو غیب کو جانتا نہیں اس کی تصدیق کیوں کر کرے گا؟ اور جو تصدیق نہ کرے گا اس پر ایمان کیوں کر لائے گا؟ تو ثابت ہوا کہ علم جو اللہ عزوجل کے ساتھ خاص ہونے کے لائق ہے وہ نہیں مگر علم ذاتی ——— تو جن آیتوں میں غیر خدا سے نفی فرمائی ان میں ضرور ہے کہ یہی دونوں معنی (علم ذاتی اور علم مطلق تفصیلی جو تمام معلومات الٰہیہ کو حقیقی طور پر محیط ہو) مراد ہیں اور یہ بھی ثابت ہوا کہ علم جسے بندوں کے لئے ثابت کر سکتے ہیں وہ علم عطائی ہے ——— بیشک اللہ سبحانہ نے علم سے اپنے بندوں کی مدح فرمائی ہے کہ فرماتا ہے:۔

ملائکہ نے ابراہیم کو ایک علم والے لڑکے کی خوشخبری دی

اور فرمایا:۔

ہم نے خضر کو علم لدنّی عطا کیا

اور فرمایا:۔

اے نبی اللہ تعالیٰ نے تمہیں سکھا دیا جو کچھ تم نہ جانتے تھے[2]

---

[1] مولانا احمد رضا خاں: الدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیۃ ۱۳۲۳ھ مطبوعہ کراچی، ص ۱۹۷

[2] ایضاً " " " " ، ص ۲۰۷

Marfat.com

(۵)

ایک بادشاہ جبّار تمام وکمال دنیا کا مالک ہؤا اور ہر چھوٹا بڑا خزانہ سب اسی کی ملک میں تھا اور اس کے کچھ نواب سردار تھے جنہیں ایک ایک ضلع کے خزانے پر اس نے مسلّط کیا تاکہ محتاجوں کی اعانت کریں اور مسکینوں کو خیرات دیں اور سب پر ایک نائب اعظم کو سردار کیا جس کے اوپر سب سے زیادہ عزت والے بادشاہ کے سوا کوئی نہیں تو بادشاہ نے اپنے تمام خزانے اس کے دستِ اختیار میں دے دیئے اور خاص اپنی ذات کے سوا سب کے معاملات اس کے سپرد کر دیئے تو وہ نائب اعظم سب نوابوں اور سرداروں پر تقسیم کرتا ہے اور وہ درجہ بدرجہ اپنے ماتحتوں پر بانٹتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ تقسیم فقیروں تک پہنچتی ہے تو ہر ایک کو اس کا نصیب ملتا ہے اور ان محتاجوں میں ایک بدبخت مطرود، گندہ مردود ہے جو بادشاہ اور اس کے نوابوں سے جھگڑتا ہے نو نہ ان کی عقیدت رکھے اور نہ ان کی تعظیم کرے نہ انہیں اپنے سے کچھ بڑھ کر سمجھے اور وہ نانِ شبینہ کا محتاج ہے، فقیر آفت زدہ مسکین، مفلس، اسے امیروں کی تقسیم سے صرف ایک پیسہ پہنچا، کھوٹا اور وہ کہتا ہے کہ میں اور نائب اعظم دونوں مال و ملک میں برابر ہیں اس لئے کہ اگر تمام اموال کی ملک مراد لی جائے تو وہ خلیفہ کو بھی حاصل نہیں اور اگر بعض کی ملک مراد ہے تو اس میں خلیفہ کی خصوصیت کیا ہے کہ بعض کا میں بھی مالک ہوں۔ کیا یہ کالا کھوٹا پیسہ میری ملک میں نہیں؟

تو اس بدبخت بڑے ناشکرے محتاج، مغرور، بدکنے والے نے نہ تو عطائے خلیفہ کا حق مانا اور نہ منصب خلافت کی تعظیم کی اور ایک کھوٹے پیسے اور معمور خزانوں میں جو شرق سے غرب تک زمین کو بھرے ہوئے ہیں کچھ فرق نہ کیا۔

رسالہ الدولۃ المکیہ جو کہ مکۂ مکرمہ میں قلم برداشتہ تحریر فرمایا اور جو فاضل بریلوی کی علمیت، ذہانت، فطانت اور فقاہت پر شاہد عادل ہے جب علمائے حرمین شریفین کے سامنے پیش کیا گیا تو انہوں نے اپنی تصدیقات اور تقاریظ سے اس کو مزین فرمایا، ایک دو عالم نہیں ایک کثیر جماعت علماء نے تصدیق فرمائی اور ان فضائل و مناقب سے نوازا شاید کسی عجمی عالم کو اس طرح نہ نوازا ہو گا۔

اب ہم اصل موضوع کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ اور ان مفصل و مبسوط تصدیقات و تقاریظ سے بالترتیب چیدہ چیدہ اقتباسات پیش کرتے ہیں جن سے علمائے عرب کی نظر میں فاضل بریلوی کی جلالت شان کا بخوبی اندازہ ہو سکے گا۔[1]

جن علمائے عرب نے رسالہ مذکور کی تصدیق فرمائی اور اپنی تقاریظ سے نوازا ان کے اسماء گرامی یہ ہیں۔ ان علماء کے اسماء گرامی اس فہرست میں شامل نہیں جن کی تقاریظ ابھی تک شائع نہ ہو سکیں۔

# اسماء گرامی علماء حرمین شریفین و بلاد اسلامیہ

## علماءِ مکۂ معظمہ

(۱) سید اسماعیل بن خلیل

(۲) شیخ محمد سعید بن محمد بابصیل، مفتی شافعیہ

(۳) شیخ عبداللہ بن عبدالرحمٰن سراج، مفتی حنفیہ

(۴) شیخ محمد عابد، مفتی مالکیہ

(۵) شیخ عبداللہ بن حمید، مفتی حنابلہ

(۶) شیخ محمد صالح بن شیخ صدیق کمال، سابق مفتی حنفیہ

(۷) شیخ احمد ابوالخیر بن عبداللہ میرداد، رئیس الخطباء والائمہ بالمسجد الحرام

---

[1] بہت سی تقاریظ ابھی تک اشاعت پذیر نہ ہو سکیں اور مہتمم مکتبہ رضویہ (کراچی) کے پاس محفوظ ہیں، افسوس ہم ان غیر مطبوعہ تقاریظ سے استفادہ نہ کر سکے۔ مسعود

Marfat.com

(۸) شیخ محمد علی بن شیخ صدیق کمال حنفی، مدرس مسجد حرام

(۹) شیخ عبداللہ بن محمد صدقہ مدرس مسجد حرام

(۱۰) شیخ عمر بن ابی بکر باجنید مدرس مسجد حرام

(۱۱) شیخ محمد صالح بن محمد بافضل امام شافعیہ مسجد حرام

(۱۲) شیخ ابوحسین محمد مرزوقی مدرس مسجد حرام

(۱۳) شیخ محمد علی بن حسین، امام مالکیہ مسجد حرام

(۱۴) شیخ محمد جمال بن محمد امیر بن حسین مفتی مالکیہ

(۱۵) شیخ اسعد بن احمد دہان مدرس مسجد حرام

(۱۶) شیخ عبدالرحمٰن بن احمد دہان

(۱۷) شیخ محمد بن یوسف خیّاط

(۱۸) شیخ عطیہ محمود، مدرس حرم شریف

(۱۹) شیخ محمد مختار بن عطارد الجاوی مسجد حرام

(۲۰) شیخ محمد بن واسع حسینی ادریسی، مدرس حرم شریف

## علماء مدینہ منورّہ

(۲۱) شیخ عثمان بن عبدالسلام داغستانی مفتی مدینہ منورہ

(۲۲) شیخ احمد جزائری ابن سید احمد مدنی، مفتی مالکیہ مدینہ منورہ

(۲۳) شیخ محمد تاج الدین بن محمد مصطفےٰ الیاس حنفی، مفتی مدینہ منورّہ

(۲۴) شیخ حسین بن عبدالقادر طرابلسی مدرس مسجد نبوی

(۲۵) سید احمد علوی بن سید احمد بافقیہہ حسین علوی مفتی شافعیہ

(۲۶) شیخ عبداللہ نابلسی حنبلی، مسجد نبوی

(۲۷) شیخ محمد عبدالباری بن سید محمد امین رضوان مسجد نبوی

(۲۸) شیخ عباس بن سید محمد رضوان، مسجد نبوی

(۲۹) شیخ احمد بن سید احمد حسینی، شیخ مالکیہ مسجد نبوی

(۳۰) شیخ محمد سعید بن محمد الحسنی الادریسی القادری مسجد نبوی

(۳۱) سید احمد علی ہندی رام پوری مہاجر مدنی مسجد نبوی

(۳۲) شیخ علی بن احمد مسجد نبوی

(۳۳) شیخ احمد اسعد گیلانی حسنی وحسینی، حمّا شریف

(۳۴) شیخ غلام محمد برہان الدین بن شیخ نور الحسن،

(۳۵) شیخ عبدالقادر بن سودہ القرشی، مسجد نبوی

(۳۶) شیخ محمد عبدالوہاب بن محمد یوسف نقشبندی خالدی ضیائی۔ مسجد نبوی

(۳۷) شیخ مصطفےٰ بن نازی بن غرزہ مالکی مسجد نبوی

Marfat.com

(۳۸) شیخ احمد بن محمد خبر السناری عباسی (۳۹) شیخ محمد کریم اللہ مہاجر مدنی

(۴۰) شیخ موسیٰ علی شامی ازہری دردیری مدنی (۴۱) شیخ محمد یعقوب بن شیخ رجب مدرس مسجد نبوی

(۴۲) شیخ آلیس الخیاری، مسجد نبوی (۴۳) شیخ محمد آلیس بن سعید، مسجد نبوی

(۴۴) شیخ عبدالرحمٰن ودیدار المصری، (۴۵) شیخ حسین بن محمد

مدرس مسجد نبوی (۴۶) شیخ محمد سعید بن محمد الحسنی الحسینی الاویسی القادری

(۴۷) شیخ محمد توفیق الایوبی الانصاری، مجاور مدینہ منورہ (۴۸) شیخ علی الرحمانی، مدینہ منورہ

(۴۹) شیخ عبدالوہاب مدینہ منورہ

## دیگر بلاد اسلامیہ

(۵۰) شیخ ابراہیم عبدالمعلی السقا، (۵۱) شیخ عبدالرحمٰن احمد حنفی، مدرس جامعہ ازہر مصر

مدرس جامعہ ازہر مصر (۵۲) شیخ محمد الجامع الازہری الدمشقی، قسطنطینی

(۵۳) شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی (بیروت) (۵۴) شیخ محمود بن صبغۃ اللہ مدراسی (مہاجر مدنی؟)

(۵۵) شیخ محمد سعید بن عبدالقادر (۵۶) شیخ عبدالحمید بن محمد ادیب عطار

نقشبندی بغدادی شافعی دمشقی

(۵۷) شیخ محمد یحییٰ المکتبی الحسینی (۵۸) شیخ یوسف عطا، مدرس درگاہ قادریہ

دمشقی بغداد شریف؟

(۵۹) شیخ عثمان قادری، حیدرآبادی

(۶۰) شیخ محمد امین دمشقی

(۶۱) شیخ حمدان وینسی، قسطنطینی الجزائری

اب ہم مندرجہ بالا علماء کرام کی تقاریظ سے جستہ جستہ اقتباسات پیش کرتے ہیں:۔

Marfat.com

آسمان تحقیق میں اس کی یقینی دلیلیں بلند ہوئیں اور کیوں نہ ہو کہ وہ اس کی تصنیف ہے جو علامہ عقیل، ذکی، بلند ہمت ہے اور اپنے زمانے کے تمام مؤلفوں کا سردار ہے اور خود اپنے معاصرین کی شہادت سے سب مصنفوں کا امام ہے تو جو اس رسالے کو غور سے دیکھے گا وہ کہنے والے کی اس بات کو جھوٹا جانے گا اور اس قول کی تکذیب کرے گا کہ شیخ نے اپنے رسالے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا علم غیب بالذات خالق زمین و آسمان کے علم کے برابر کر دیا ہے [۱]

۷

## شیخ عبد اللہ بن صدقہ بن زینی دحلان جیلانی علیہ الرحمہ

### مدرس مسجد حرام، مکہ معظمہ

پاکی ہے اسے جس نے اس کے مؤلف کو کمالات و فضائل سے خاص کیا اور اسے اس زمانے کے لئے چھپا رکھا [۲]

---

بعض علمائے مدینہ نے اس رسالے کا ایک نسخہ مانگا تھا اس امید پر کہ انہیں حقیقت معلوم ہو۔ ان افتراؤں کی جو بعض گمراہوں نے اس رسالے کی طرف نسبت کر کے ان سے کہے [۳]۔ یہاں تک کہ بعض علما رسالے کے رد کی طرف متوجہ ہوئے لہذا اکرم و مکرم جناب سید حسین طرابلسی مدنی (ابن سید علامہ عبد القادر طرابلسی مدنی) نے اس رسالے کو اپنی قلم سے نقل کیا اور یہ اس وقت جب کہ میں استاذ مشار الیہ کے مکان میں فروکش ہوا۔ آخر جمادی الآخر میں اور میں نے اس نقل کا مقابلہ اصل سے کیا

---

[۱] الفیوضاۃ الملکیہ لمحب الدولۃ المکیہ ، ص ۳۱

[۲] ایضاً ، ص ۳۶

[۳] فاضل تقریظ نگار کا اشارہ مولانا حسین احمد مدنی وغیرہم کی طرف ہے جو اس وقت مدینہ منورہ میں موجود تھے۔

جس پر مدینہ منورہ کے دو مفتیان مرحوم کی تقریظیں لکھی تھیں۔ ایک علامہ شیخ عثمان داغستانی دوسرے شیخ محمد تاج الدین الیاسی[1]

۱۰ رجب المرجب ۱۳۲۸ھ/ ۱۹۱۰ء

۸

## شیخ محمد صالح بن شیخ محمد بافضل علیہ الرحمہ امام شافعیہ فی المسجد الحرام مکۃ معظمہ

فبالله هى من جنة علم قطوفها دانية، لاتسمع فيها لاغية[2]

خدا کی قسم رسالہ کیا ہے علم کی بہشت ہے جس کے خوشے نزدیک ہیں تو اس میں کوئی لغویات نہ سنے گا۔

---

فلعمری ان هذا لهو التاليف الذى يفتخر به العالمون۔[3]

مجھے اپنی جان کی قسم بیشک یہی وہ تصنیف ہے جس پر علماء فخر کریں۔

۹

## شیخ اسعد بن احمد دھان علیہ الرحمہ مسجد حرام مکہ معظمہ

"میں نے اس رسالے الدولۃ المکیہ میں اپنی نظر کو جولان دیا جو امام معظم اور ایسے بلند ہمت کی تصنیف ہے جسے کمال میں تفضیل ہے، گراں بہا حمائل کے بیچ کا جوہر وہ فاضل کہ دانشمندی کی روایت داہنے سے لیتا ہے، میرے سردار

---

ؔ۱ الفیوضات الملکیہ لمحب الدولۃ المکیہ ، ص ۳۹

ؔ۲ ایضاً ، ص ۴۴

ؔ۳ ایضاً ، ص ۴۶

Marfat.com

النحریر والفهامة الشهیر حامی الملة المحمدیة الطاهرة و

مجدد المائة الحاضرة استاذی وقدوتی مولانا الشیخ

احمد رضاخاں[۱]

بعد حمد و نعت کے حب اللہ تعالیٰ نے اپنے اس چھوٹے سے بندے پر یہ احسان فرمایا کہ میں ان کے آستانے سے شرف یاب ہوا جو علامہ ماہر کامل اور فہامہ مشہور ہیں۔ حامی ملت محمدیہ طاہرہ، مجدد مائتہ حاضرہ، میرے استاد اور میرے پیشوا حضرت مولینا احمد رضاخاں۔

## ۱۴

## مفتی شافعیہ شیخ سید احمد علوی بن سید احمد بافقیہ حسینی علوی علیہ الرحمہ مدینہ منورہ

افضل الفضلاء انبل النبلاء، فخر السلف، قدوة الخلف الشیخ

احمد رضاخاں البریلوی عامله الله بلطفه الخفی[۲]

فاضلوں سے افضل، سب عاقلوں سے زیادہ دانشمند، اگلوں کا فخر، پچھلوں کا پیشوا، حضرت احمد رضاخاں بریلوی۔ اللہ اپنے پوشیدہ لطف سے اسکے ساتھ معاملہ کرے۔

رسالہ الدولتہ المکیہ کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

وانها لجدیرة بان تکتب بالتبر بدل المداد والحبر۔

اور وہ بیشک اس لائق ہے کہ سیاہی اور روشنائی کے بدلے سونے سے لکھی جائے

## ۱۵

## شیخ حمدان ونیسی قسطنطینی الجزائری علیہ الرحمہ

فانی لما اطلعت علی الرسالة المسماة بالدولة المکیة

---

[۱] ایضاً، ص ۸۲
[۲] ایضاً، ص ۹۲

Marfat.com

لاوحد جہابذۃ الہند العلامۃ النحریر الامام الشہیر المفسر المحدث الاصولی الفقیہ اللغوی الجدلی المناظری الشیخ احمد رضا خان الہندی دام مجدہ وعلاہ [1]

درحقیقت ہیں نے رسالہ دولت مکیہ کے مصنف یگانہ اساتذہ زمانہ ہندی علامہ کامل، ماہر امام، نادر، مفسر، محدّث، اصولی، فقیہ، عالم لغت و علم جدل مہذب مناظر استاد احمد رضا خاں ہندی۔ اللہ تعالیٰ ان کی بزرگی اور برتری دائم رکھے۔

١٦

## شیخ عبد اللہ نابلسی علیہ الرحمہ — مسجد نبوی، مدینہ منورہ

وھولنا درۃ ھذا الزمان وغرۃ ھذا الدھر والاوان، العالم العامل والھمام الفاضل محرر المسائل وعویصات الاحکام و محکم بروج الادلۃ بمزید اتقان وزیادۃ احکام سید الشیوخ والفضلاء الکرام، یتیمۃ الدھر بلاتوان، قاضی القضاۃ الشیخ احمد رضا خان متعنی اللہ بحیاتہ وافاض علیّ وعلی المسلمین من برکاتہ [2]

(ترجمہ) وہ نادر روزگار، اس وقت اور زمانے کا نور، عالم باعمل، بلند ہمت فاضل مسائل اور مشکل احکام کی تنقیح کرنے والا، اور دلائل و براہین سے ان کو مستحکم سے مستحکم تر کرنے والا، معزز مشائخ اور فضلا کا سردار، بلا تامل وہ زمانے کا گوہر یکتا، (کون؟) قاضی القضاۃ شیخ احمد رضا خان۔ خدا ان کی زندگی سے ہم کو منتفع فرمائے اور ہم پر اور سارے مسلمانوں پر ان کا فیض جاری وساری رکھے۔ آمین۔

---

[1] ایضاً، ص۔ ٨٨

[2] ایضاً، ص۔ ٩٥-٩٦

Marfat.com

۱۷

## شیخ عباس ابن سید محمد رضوان علیہما الرحمہ ۔ مسجد نبوی، مدینہ منورہ

الشهم الكامل، العالم العامل، بهجة المحافل، من نال المنة بنصر السنة وقمع البدع وحج من لها انتج بلسانه العضب وبيانه العذب، ذى الفضل والعرفان المولوى احمد رضا خان [۱]

(ترجمہ) کامل بزرگ، عالم وعامل، مجلس کی رونق، زینت اور مسرت، وہ جس نے سنت کی مدد کر کے نعمت پائی، اور بدعتوں کو اکھاڑ پھینکا، جو اپنی زبان کی تیغ براں اور بیان شیریں سے بدمذہبوں پر غالب آیا، صاحب فضیلت ومعرفت مولوی احمد رضا خاں۔

۱۸

## شیخ احمد اسعد گیلانی حسنی حسینی علیہ الرحمہ

### ساکن حما شریف وارد مدینہ منورہ

اور اللہ کے شہر مدینہ طیبہ میں دو صالح، سچے عادل شخصوں سے ملا اور انہیں مشارٌ الیہ (مولانا احمد رضا خاں) سے ملاقات ومعرفت ہے تو انہوں نے مجھ سے اچھا خلق اور کمال نروصف بیان کیا اور جب ان دونوں نے ان کے حال کی شرح کی اور محبت صادقہ حضور سید الانبیاء اور مودت خالصہ ان کے صاحبزادے سلطان الاولیاء کی بیان کی تو مجھے گنجائش نہ رہی مگر لوجہ اللہ ان کی محبت کی کیوں کہ میرے نزدیک جو محبوب کو محبوب رکھے وہ محبوب ہے اور یہ محبت خالصہ ہے ذات کریمٔ الٰہی کے لیے جو حاصل ہوئی مجھ کو سن کر قبل حصول ملاقات ــــ اور بلاشک ان دونوں سچے مخبروں یعنی سید احمد علی اور شیخ کریم اللہ مولیٰ تعالیٰ ان دونوں کو صلاح دین ودنیا کی توفیق دے [۲]

---

[۱] ایضاً ، ص - ۱۰۲
[۲] ایضاً ، ص - ۱۱۵

Marfat.com

۱۹

## شیخ غلام محمد برہان الدین ابن سید نور الحسن علیہ الرحمہ

### مدینہ منورہ

مصنف کے مناقب اس کتاب کے نام سے آشکارا ہو گئے کیوں کہ ان میں ملکی قوت قدسیہ اور غیبی تائیدوں اور الہامات الٰہیہ سے بڑی عظیم دولت حاصل ہوئی کیوں کہ مصنف نے باوجود فقدان سامان ضروری اس کتاب کو تصنیف کیا کیوں نہ ہو کہ انہیں عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خزانوں سے دولت ابدی حاصل ہوئی۔ اور مصنف نے اس دولت کو لوگوں میں تقسیم فرمایا۔ اپنی کثیر تصانیف کی اشاعت فرما کر اور اللہ تعالیٰ اور رسول کی مرضی تلاش کی ——— پس اے بھائیو! اس دولت کی طرف جلدی کرو اور اس فاضل مصنف کی تصانیف کے مطالعہ میں کوشش کرو اور حضور سید عالم حبیب رب العالمین کی محبت میں اس علامہ کا اتباع اور ان کے نقش قدم پر چلو کہ یہ سیدھے راستے اور صراط مستقیم پر ہیں [1]

۲۰

## شیخ عبد القادر بن شیخ سودۃ القرشی علیہ الرحمہ

### مسجد نبوی، مدینہ منوّرہ

اصولی الزمان، وعلامۃ الاوان، المتکلم النظار، والمفسر الذی علیہ المدار، یتیمہ الدھر بلاتوان، قاضی القضاۃ الشیخ احمد رضا خان [2]

(ترجمہ) اصولیٔ زمان، علامۂ دوران، متکلمِ مناظر، وہ مفسر جس پر مدار کار نادر زمانہ، قاضی القضاۃ شیخ احمد رضا خان۔

---

[1] ایضاً ، ص ۱۲۵
[2] ایضاً ، ص ۱۲۸

Marfat.com

## ۲۱

## شیخ عطیہ محمود علیہ الرحمہ مدرس بالحرم الشریف مکہ مکرمہ

للہ در مؤلف اھدیٰ لنا — دراً لقد شرح الصدور صدورہ

اھدتہ للارواح راحۃ احمد — فسما وطاب لدی الانام سرورہ

قد صاغ جوھرہ بمکۃ فازدھیٰ — وازداد فضلاً حیث تم ظہورہ

فھو اللباب المستطاب وحقہ — بالتبر کتبا ان تصاغ سطورہ

لاشک انّ ارض الالہ واحمدا — ھذا الصنیع المشرقات بدورہ

یامن تروم العلم بادر واغتنم — روض العلوم الفائحات زھورہ[1]

(۱) کیا ہی خوب ہیں یہ مؤلف جنہوں نے ہمیں دُرِّ بے بہا عطا فرمایا، بلاشبہ اس کی آمد نے ہمارے سینے کشادہ کردیے۔

(۲) احمد رضا کی عنایت نے اعلیٰ درجہ کا ہدیہ عنایت فرمایا جس کے سرور و کیف سے ارواح مست و سرشار ہوگئیں۔

(۳) اس ہدیہ کے جوہر کو انہوں نے مکہ میں ڈھالا، وہ خوب سے خوب تر ہوا اور جب کہ اس کا ظہور تام ہوا۔

(۴) وہ پاکیزہ و برگزیدہ ہے، سچ تو یہ ہے کہ اس کے سطور آب زر سے لکھنے کے لائق ہیں۔

(۵) اور بلاشبہ اللہ و مصطفےٰ (جل وعلا و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی اس زمین پر احمد رضا کی تحریروں کے یہ چمکتے دمکتے ماہتاب ہیں۔

(۶) اے علم کے طلب گار! جلدی کر اور انہیں غنیمت جان، یہ بوستانِ علوم ہیں۔ اس گلستان کی کلیوں کی مہک دور دور تک پھیلی ہوئی ہے۔

---

[1] ایضاً، ص ۔ ۱۴۰

Marfat.com

۲۴

## شیخ یٰسٓ احمد الخیاری علیہ الرحمہ ——— مسجد نبوی - مدینہ منوّرہ

فالفیتہ قاموسا لتحقیق مسائل شریفۃ، وناموسا لتدقیق لطائف منیفۃ ——— کیف لا وھو امام المحدثین وحسام فی رقاب الملحدین، وحید الزمان و فرید الأوان مولانا الکامل السیّد احمد رضا خان لازال رافلا فی حلل العرفان [۱]

یہ کتاب مسائل شریفہ کی تحقیق کے لئے ایک قاموس ہے، بزرگ اور بلند معارف کی تفتیش کے لئے ایک حصار ہے ——— کیوں نہ ہو کہ وہ محدثین کے امام ہیں [۲]، ملحدین کی گردنوں کے لئے تلوار ہیں، یگانۂ روزگار اور یکتائے زمانہ ہیں یعنی مولانا شیخ کامل بزرگ سردار احمد رضا خاں ہمیشہ لباس معرفت میں جلوہ گر رہیں۔

۲۵

## شیخ حسین بن محمد علیہ الرحمہ ——— مدینہ منوّرہ

اللہ سے دعا ہے کہ مصنف کتاب شیخ احمد رضا خاں جیسی ہستیاں زیادہ ہوں [۳]

(صفر الخیر ۱۳۳۲ھ)

۲۶

## شیخ محمد توفیق الایوبی الانصاری علیہ الرحمہ المجاورۃ بالمدینۃ المنوّرہ

فاضل مصنف سے میری درخواست ہے کہ اپنی اچھی دعاؤں میں مجھے شامل رکھیں اس لئے کہ ان کی دعائیں قبولیت کی سزاوار ہیں کیوں کہ وہ (اللہ انہیں

---

۱ ایضاً ، ص ۷۰

۲ لیکن نہ معلوم مولانا عبد الحئی لکھنوی نے یہ کیوں لکھ دیا۔
قلیل البضاعت فی الحدیث والتفسیر (نزہۃ الخواطر، جلد ہشتم، ص - ۴۱)

۳ ایضاً ، ص ۸۰

Marfat.com

زندہ رکھے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مخلص محبت رکھنے والے ہیں[۱]

۲۷

## شیخ علی بن علی الرحمانی علیہ الرحمہ ـــ حرم شریف، مدینہ منورہ

شیخ موصوف نے اپنی تقریظ کے آخر میں رسالہ الدولتہ المکیہ کی تاریخ کہی ہے جس کے بعض اشعار سے کمال محبت و عقیدت مترشح ہوتی ہے۔ ملاحظہ ہو:-

(۱) اسرت بہ کل القلو ... ب فقلبنا الیوم الاسیر

(۲) فوجدتہ اِلّا بثنّی ... فھو مفقود النظیر

(۳) سبق الاولی سبقوا وجا ... ء بما شفی اللب الکبیر[۲]

(حرم شریف ۱۳۳۱ھ/۱۹۱۲ء)

(۱) لوگوں کے دل اس کے گرفتار ہیں اور آج ہمارا دل بھی اس کا اسیر ہے۔

(۲) اس تالیف کی نظیر نہیں ماسوائے اس کے مثنیٰ (یعنی دوسری نقل مطابق اصل) کے

(۳) اگلوں سے بھی آگے نکل گئے۔ مصنف نے اس میں شکستہ عقلوں کے لیے سامانِ شفا مہیا کر دیا ہے۔

۲۸

## شیخ عثمان قادری علیہ الرحمہ ـــ مدینہ منورہ

ومارأیت مثلہ فی مسئلہ علم الغیب لنبیّنا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم محکما من النصوص القرآنیہ والاحادیث الصحیحہ واقوال العلماء المجتہدین المتقدمین۔ کیف لاو مصنفہ فرید الدھر ووحید العصر الفاضل الکامل العالم العامل قامع البدعۃ ناصر السنۃ المحقق المدقق الامام الھمام لھذا الزمان المولانا الحاج سیدی محمد احمد رضا خان القادری البریلوی[۳]

---

[۱] ایضاً، ص ۹۴م

[۲] ایضاً، ص ۹۹م [۳] ایضاً ص ۵۲۲

(ترجمہ) مسئلہ علم غیب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق میں نے کبھی ایسی کتاب نہیں دیکھی جو آیات قرآنی احادیث صحیحہ، مجتہدین و متقدمین کے اقوال سے ایسی محکم ہو۔ کیوں نہ ہو اس کا مصنف یکتائے زمانہ، یگانۂ روزگار، فاضل و کامل، عالم و عامل، قامع بدعت، ناصر سنت، محقق و مدقق، سردار وقت، پیشوائے زمانہ مولانا الحاج سیدی محمد احمد رضا خاں قادری بریلوی ہیں۔

## ۲۹

## شیخ محمد امین سوید دمشقی علیہ الرحمہ — وارد مدینہ منورہ

فقد سرحت نظری فی ہذہ الرسالۃ الموسومہ بالدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیّۃ لمؤلفھا العلامۃ الکبیر والفھامۃ الشھیر الألمعی المحقق اللوذعی المدقق الشیخ احمد رضا خان فوجدتھا دوحۃ جمعت خلاصۃ مذھب اھل الاسلام[1]

(ترجمہ) میں نے اس رسالے موسوم الدولۃ المکیہ بالمادۃ الغیبیّہ پر نظر ڈالی جو علامہ کبیر، فہامہ شہیر محقق و مدقق شیخ احمد رضا خاں کی تالیف ہے۔ میں نے اسے ایسا عظیم الشان درخت پایا جو مذہب اہل اسلام کے نچوڑ پر مشتمل ہے۔

## ۳۰

## شیخ عبدالرحمٰن حنفی علیہ الرحمہ — مدرس جامعہ ازہر مصر

ولعمری لقد جمع فیھا من الادلۃ ما بہ الکفایۃ ولا ینفع الحسود تطویل العبارۃ[2]

مجھے اپنی عمر کی قسم مؤلف نے رسالے میں کافی دلائل ذکر فرمائے ہیں اور حاسد کے لئے تو طویل عبارتیں بھی کافی نہیں۔

---

[1] ایضاً ، ص ۵۳۲

[2] ایضاً ، ص ۵۴۱

Marfat.com

قارئین کرام رسالہ الدولتہ المکیہ کی تقاریظ کے اقتباسات پڑھتے پڑھتے تھک گئے ہوں گے واقعی یہ تقاریظ تھکا دینے والی ہیں، ابھی تو تقاریظ لکھنے والے معدودے چند علما و فضلا، کا ذکر کیا ہے بہت سے رہے جاتے ہیں۔ تفصیلات کے لئے الفیوضات الملکیہ کا مطالعہ ضروری ہے۔

اب ہم ایک دوسری تصنیف "حسام الحرمین علی منحر الکفر والمین"[1] (۱۳۲۴ھ) کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ فاضل بریلوی نے حضرت شاہ فضل رسول بدایونی علیہ الرحمتہ کی تصنیف المعتقد المنتقد

---

[1] حسام الحرمین کا سلیس اردو ترجمہ "مبین احکام و تصدیقات اعلام" کے نام سے ۱۳۲۵ھ/۱۹۰۷ء میں شائع کیا گیا۔

[2] مولوی فضل رسول بدایونی علیہ الرحمہ ماہ صفر ۱۲۱۳ھ/ ۹ - ۱۷۹۸ء میں پیدا ہوئے۔ مروجہ دینی کتابوں کی تکمیل و تحصیل مولوی نور الحق فرنگی محلی سے کی جو بحر العلوم ملا عبد العلی کے شاگرد مولوی انوار الحق کے صاحب زادے تھے، علم طب حکیم ببر علی موہانی سے سیکھا اور علم حدیث و تفسیر شیخ المکہ عبد اللہ سراج اور شیخ المدینہ عابد مدنی سے اور علم تصوف اپنے والد ماجد شاہ عین الحق عبد المجید علیہ الرحمہ سے حاصل کیا۔ قادریہ اور چشتیہ سلسلوں میں اپنے والد ماجد سے بیعت ہوئے اور انہیں سے خلافت حاصل کی، کئی بار زیارت حرمین اور حج کی سعادت سے بہرہ ور ہوئے، ایک عرصہ درس و تدریس میں مصروف رہے۔ آپ کے تلامذہ میں مشہور علما پیدا ہوئے۔ مولانا محب الرسول عبد القادر بدایونی آپ کے صاحبزادے تھے۔

مولانا فضل رسول علیہ الرحمہ نے ۲ رجمادی الثانی ۱۲۸۹ھ/۱۸۷۲ء کو ۸۷ سال کی عمر میں وفات پائی۔

تصانیف میں بوارق محمدیہ، تصحیح المسائل، المعتقد المنتقد، سیف الجبار، تلخیص الحق، احقاق الحق، شرح فصوص الحکم، حاشیہ میر زاہد، حاشیہ ملا جلال، طب الغریب اور متفرق رسائل یادگار ہیں۔

(تذکرہ علمائے ہند۔ (اردو)، ص ۳۸۰ و ۳۸۱، المعتقد المنتقد، مطبوعہ لاہور، ضمیمہ ترجمہ از مفتی محمد اعجاز ولی خان، ص۔ ۲۶۵)

Marfat.com

مندرجہ بالا طبقات پنجگانہ پر بحث کرتے ہوئے فاضل بریلوی نے ان کی بعض کتابوں سے مفصل حوالے دیئے ہیں۔ چند کتابیں یہ ہیں :۔

(۱) اعجاز احمدی (مرزا غلام احمد قادیانی)

(۲) ازالۃ الاوہام (مرزا غلام احمد قادیانی)

(۳) فتاویٰ رشیدیہ (مولوی رشید احمد گنگوہی)

(۴) براہین قاطعہ (مولوی خلیل احمد انبیٹھوی)

(۵) حفظ الایمان (مولوی اشرف علی تھانوی)

مندرجہ بالا تفصیلات کو حسام الحرمین کا مختصر تعارف سمجھنا چاہیئے۔ ان افکار و خیالات کی روشنی میں فاضل بریلوی نے اپنا فتویٰ خلاصہ کی صورت میں ۲۱ ذی الحجہ ۱۳۲۳ھ کو علمائے حرمین کے سامنے پیش کیا تھا جس پر الدولۃ المکیہ کی طرح علماء نے دل کھول کر تقاریظ لکھیں اور اپنی تصدیقات سے نوازا۔ ان تصدیقات اور تقاریظ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ علماء حرمین فاضل بریلوی کو کس قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھتے تھے جن علماء کرام نے یہ تقاریظ تحریر فرمائی ہیں ان کے اسماء گرامی تحریر کئے جاتے ہیں :۔

# اسماء گرامی علماء حرمین شریفین

## عُلمائے مکّۂ معظّمہ

(۱) شیخ محمد سعید بابصیل، مفتی شافعیہ

(۲) شیخ احمد ابو الخیر بن عبداللہ میرداد، خطیب مسجد حرام

(۳) شیخ صالح کمال، مفتی حنفیہ

(۴) شیخ علی بن صدیق کمال حنفی، سابق مفتی مکہ

(۵) شیخ عبدالحق مہاجر مدنی

(۶) سید اسماعیل بن خلیل، حافظ کتب الحرام

(۷) سید مرزوقی ابو حسین

(۸) شیخ عمر بن ابی بکر جنید

(۹) شیخ عابد بن حسین، مفتی مالکیہ

(۱۰) شیخ علی بن حسین مالکی، مدرس مسجد حرام

Marfat.com

(۱۱) شیخ محمد علی بن حسین مکی (۱۲) شیخ جمال بن محمد بن حسین

(۱۳) شیخ اسعد ابن احمد دہان، مدرس حرم شریف (۱۴) شیخ عبدالرحمٰن دہان

(۱۵) مولانا محمد یوسف افغانی مہاجر مکی، مدرس مدرسہ صولتیہ، حرم شریف (۱۶) مولینا شیخ احمد مکی (خلیفہ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی) مدرس مدرسہ صولتیہ، حرم شریف

(۱۷) شیخ محمد یوسف خیاط (۱۸) شیخ محمد صالح بن محمد بافضل

(۱۹) شیخ عبدالکریم ناجی داغستانی (۲۰) شیخ محمد سعید بن محمد یمانی، مدرس مسجد حرام

(۲۱) شیخ احمد محمد جداوی

## علماء مدینہ منوّرہ

(۲۲) شیخ تاج الدین الیاس بن شیخ مصطفٰے الیاس، مفتی مدینہ (۲۳) شیخ عثمان بن عبدالسلام داغستانی سابق مفتی مدینہ

(۲۴) سید احمد جزائری، شیخ مالکیہ (۲۵) شیخ خلیل بن ابراہیم خربوتی

(۲۶) شیخ محمد سعید بن سید محمد المغربی شیخ الدلائل (۲۷) شیخ محمد بن احمد عمری

(۲۸) سید عباس بن سید جلیل محمد رضوان، شیخ الدلائل

(۲۹) شیخ عمر بن حمدان محرسی مالکی اشعری

(۳۰) سید محمد بن محمد حبیب مدنی دیداری (۳۱) شیخ محمد بن موسیٰ خیاری، مدرس حرم طیبہ

(۳۲) سید شریف احمد برزنجی، مفتی شافعیہ (۳۳) شیخ محمد عزیز وزیر مالکی مغربی اندلسی

(۳۴) شیخ عبدالقادر توفیق شلبی طرابلسی حنفی، مدرس حرم طیبہ

اب ہم بعض علماء کرام کی تقاریظ کے اقتباسات پیش کرتے ہیں:۔

Marfat.com

اس کے حق میں یہ کہا جائے کہ وہ اس صدی کا مجدد ہے تو بیشک حق و صحیح ہے۔

(۴)

## علامہ ابو حسین محمد مرزوقی علیہ الرحمہ ـــــ مکہ معظمہ

بیشک مجھ پر اللہ کا احسان ہوا اور اسی کے لئے حمد و شکر ہے کہ میں حضرت عالم علامہ سے ملا جو زبردست عالم، دریائے عظیم الفہم ہیں جن کی فضیلتیں وافر اور بڑائیاں ظاہر اور بیشک میں نے ان کا اچھا ذکر اور بڑا مرتبہ پہلے ہی سنا تھا اور ان کی بعض تصانیف کے مطالعہ سے مشرف ہوا جن کے نور قندیل سے حق روشن ہوا تو ان کی محبت میرے دل میں جم گئی اور میرے دل و دماغ میں متمکن ہوگئی۔ کبھی کبھی کان، آنکھ سے پہلے گرفتار محبت ہو جایا کرتے ہیں ـــــ تو جب اللہ تعالیٰ نے اس ملاقات سے احسان فرمایا تو میں نے وہ کمال ان میں دیکھے جن کا بیان طاقت سے باہر ہے جس کے نور کا ستون اونچا ہے اور معرفتوں کا ایسا دریا جس سے مسائل نہروں کی طرح چھلکتے ہیں۔

بہت سی تعریف و توصیف کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں :۔

ورأیت نفسی ذا عیٍّ وحصر، عن البلوغ فی وصفہ الی البغیۃ والوطر[1]

اور میں نے اس کی تعریف و توصیف میں خود کو عاجز پایا، دل بھر کر تعریف نہ کر سکا۔ (دل کی آرزو دل ہی میں رہ گئی)

(۵)

## مفتی مالکیہ شیخ عابد حسین علیہ الرحمہ ـــــ مکہ معظمہ

سید العلماء الاعلام، وفخر الفضلاء الکرام، وسعد الملۃ والدین احمد السیر، والعدل الرضا فی کل وطر، العالم العامل ذو الاحسان

---

[1] ایضاً ، ص ۱۴۶

Marfat.com

(۱۳)

## شیخ سید عباس بن سید محمد رضوان شیخ الدلائل علیہ الرحمہ ــــ مدینہ منورہ

کیف لا وھو العلامۃ الامام، الذکی الھمام، النبیہ النبیل، الوجیہ الجلیل، وحید العصر والزمان حضرۃ المولوی احمد رضا خان البریلوی [۱]

کیوں نہ ہو کہ وہ (المعتمد المستند) اس کی تصنیف ہے جو علامۂ امام، ذکی الفہم بلند ہمت، باخبر، صاحب عقل، صاحب وجاہت و جلالت، یکتائے زمین و زماں، حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی۔

(۱۴)

## شیخ عمر بن حمدان محرسی مالکی اشعری علیہ الرحمہ ــــ مدینہ منورہ

فانی قد اطلعت علی ما حررہ العالم العلامۃ، الدراکۃ الفھامۃ ذوالتحقیق الباھر، جناب الشیخ احمد رضا خان فی الخلاصۃ الماخوذۃ من کتابہ المسمی المعتمد المستند فوجدتہ فی غایۃ التحریر فللہ درمؤلفہ [۲]

جناب شیخ احمد رضا خاں نے جو اپنے خلاصے میں تحریر فرمایا ہے میں نے اس کو مطالعہ کیا۔ یہ خلاصہ ان کی کتاب موسومہ المعتمد المستند سے ماخوذ ہے (مطالعہ کے بعد) میں نے محسوس کیا کہ مصنف نے تحقیق کا حق ادا کر دیا۔ مصنف کی تعریف و توصیف اللہ کے لئے ہے وہ مصنف جو خوب ہی جاننے والا، خوب ہی سمجھنے والا، خوب ہی سوچنے والا اور ایسی روشن تحقیق کرنے والا جس سے تمام پہلو منور ہو جائیں۔

---

[۱] ایضاً، ص ۲۱۸ [۲] ایضاً، ص ۲۲۰

Marfat.com

(۱۵)

## سید محمد بن محمد جبیب مدنی دیداوی علیہ الرحمہ
مدینہ منورہ

فقد اطلعت علیٰ ما سطرہ العلامۃ النحریر، والدراکۃ الشہیر، الشیخ احمد رضا خان فوجدتہ سحراً لاولی الالباب و تریاقاً لکل مسموم حائد عن الصواب[1]

استاذ کامل، صاحب ذہن رسا، نام آور و شہیر حضرت مولینا احمد رضا خاں نے جو کچھ تحریر فرمایا ہیں نے اس کا مطالعہ کیا (تحریر کیا ہے) اہل عقل کے لیے جادو ہے، صراط مستقیم سے بھٹکنے والے اور زہر کھانے والوں کے لئے تریاق ہے۔

(۱۶)

## شیخ محمد بن محمد سوسی خیاری علیہ الرحمہ
مدرس حرم طیبہ، مدینہ منورہ

التی الفہا العالم الفاضل، الانسان الکامل العلامۃ المحقق والفہامۃ المدقق حضرۃ الشیخ احمد رضا خان[2]

وہ رسالہ جسے عالم فاضل، انسان کامل، علامہ محقق فہامہ مدقق، حضرت شیخ احمد رضا خاں نے تالیف فرمایا۔

---

[1] ایضاً ، ص ۲۲۴

[2] ایضاً ، ص ۲۲۶

Marfat.com

اس رسالے سے وہاں کے علماء کو محسوس ہوا کہ مصنف مشاہیر علوم، معقول و منقول میں بلند درجہ رکھتے ہیں چنانچہ آپ سے استفسارات کا سلسلہ شروع ہوگیا اس قبیل سے نوٹ کے متعلق بارہ سوال تھے جن کا جواب مصنف نے بروز شنبہ شروع فرمایا اور اتوار کو پھر بخار آگیا تو روز دوشنبہ پھر دن چڑھے اسے تمام فرمادیا ۲۳ محرم الحرام ۱۳۲۴ھ کو مکہ معظمہ میں مکمل فرمایا [۱]

خود فاضل مصنف نے رسالے کے آخر میں سنہ تصنیف وغیرہ کے متعلق یہ تصریح فرمائی ہے :-

میں نے اس کا نام کفل الفقیہ الفاھم فی احکام قرطاس الدراھم (۱۳۲۴ھ) رکھا تاکہ نام سال تصنیف کی علامت ہو اور بندہ ضعیف نے شنبہ کے دن لکھنا شروع کیا تھا۔ پھر اتوار کے دن بخار عود کر آیا تو پیر کے دن پہر چڑھے میں نے اسے تمام کیا محرم شریف کی ۲۳ تاریخ ۱۳۲۴ھ اور یہ تصنیف اللہ کے حرمت والے شہر (مکہ معظمہ) میں ہوئی۔ [۲]

---

فاضل مصنف نے رسالۂ مذکورہ کے آخر میں رسالے کے متعلق مزید تفصیلات تحریر فرمائی ہیں۔ کن حضرات کی تحریک پر یہ جواب لکھا گیا، علمائے حرمین نے جواب کو کس قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا اور مفتی حنفیہ مولینا عبداللہ بن صدیق کے ساتھ کتب خانہ حرم میں کیا واقعہ پیش آیا، ہندوستان آکر اس رسالے میں کیا کیا اضافے کئے گئے۔ وغیرہ وغیرہ

کفل الفقیہ کے استفسار کے بارے میں فاضل مصنف تحریر فرماتے ہیں :-

"محرم ۱۳۲۴ھ میں مکہ معظمہ کے دو علمائے کرام مولینا عبداللہ احمد میرداد

---

[۱] احمد رضا خاں: کفل الفقیہ الفاہم فی احکام قرطاس الدراہم، مطبوعہ لاہور ص ۷-۸ (ملخصاً)

[۲] ایضاً ، ص ۱۱۹

Marfat.com

بطورِ خود مطالعہ فرمانا شروع کیا، فقیر بھی حاضر تھا مگر ان سے کوئی تعارف نہ تھا، نہ اس سے پہلے میں نے ان کو، نہ انہوں نے مجھ کو دیکھا ــــ حضرت مولانا سید اسمعیل آفندی اور ان کے بھائی سید مصطفےٰ آفندی وغیرہما بھی تشریف فرما تھے حضرت مفتی حنفیہ نے رسالہ مطالعہ کرتے کرتے دفعتہً نہایت تعجب کے ساتھ اپنے زانو پر ہاتھ مارا اور فرمایا :۔

این کان شیخ جمال بن عبد اللہ بن عمر من ھذا البیان[1]

راو لفظا ھذا معناہ)

حضرت مفتی اعظم مکہ معظمہ مولٰنا جمال بن عبد اللہ بن عمر حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو سندِ حدیث و فقہ میں اس فقیر کے استاذ الاساتذہ ہیں اور اپنے زمانۂ مبارک میں وہی مفتی حنفیہ تھے۔ اس جناب رفیع سے نوٹ کے بارے میں استفتاء ہوا تھا، حضرت ممدوح قدس سرہٗ نے علمائے ربانی کی جو شان ہے اس کے مطابق صرف اتنا تحریر فرما دیا کہ :۔

العلم امانۃ فی اعناق العلماء واللہ تعالیٰ اعلم۔

علم علماء کی گردنوں میں امانت ہے واللہ تعالیٰ اعلم یعنی کچھ جواب عطا نہ کیا حنفیہ کے مفتی حال نے اس واقعہ کی طرف اشارہ کیا کہ حضرت ممدوح قدس سرہٗ کا

---

[1] مولانا بدر الدین قادری نے سوانح اعلیٰ حضرت میں یہ الفاظ اس طرح تحریر فرمائے ہیں :۔

این جمال بن عبد اللہ من ھذا النص الصریح

(ترجمہ) حضرت جمال بن عبد اللہ اس نص صریح سے کہاں غافل رہ گئے ؟

جس عبارت پر مفتی حنفیہ پھڑک اٹھے تھے وہ فتح القدیر کی یہ عبارت ہے :۔

لو باع کاغذۃ بالف یجوز ولا یکرہ

(ترجمہ) کوئی شخص اپنے کاغذ کا ٹکڑا ہزار روپے میں بیچتا ہے تو بلا کراہت جائز ہے۔

(بدر الدین احمد: سوانح حضرت اعلیٰ الخ، مطبوعہ لاہور، ص ۔ ۲۸۲)

Marfat.com

ذہن مبارک ان دلائل کو کیوں نہ پہنچا جو اس رسالے کا مصنف لکھ رہا ہے۔

حضرت مولینا سید اسمٰعیل آفندی نے تقریب فرمائی (یعنی تعارف کرایا) کہ مصنف رسالہ یہ موجود ہیں، حضرت مفتی حنفیہ نہایت کرم و اکرام سے ملے اور بہت دیر تک بفضلہ علمی تذکروں کی مجلس گرم رہی۔[1]

مندرجہ بالا بیان سے علمائے حرمین کی نظر میں فاضل بریلوی کے مقام رفیع کا اندازہ ہوتا ہے تمام علماء آپ کی تبحر علمی، روحانیت اور محبت کے معترف تھے۔ رحمہم اللہ تعالیٰ

---

فاضل بریلوی نے ہندوستان واپسی کے بعد اصل رسالے میں اضافے فرمائے اور بطور ضمیمہ ان کو شامل کیا۔ اس ضمیمہ کا نام "کاسر السفیہ الواھم فی ابدال قرطاس الدراھم" (۱۳۲۹ھ/۱۹۱۱ء) تجویز فرمایا۔ ساتھ ہی اس کا اردو ترجمہ بعنوان :-

"الذیل المنوط لرسالۃ النوط" (۱۳۲۹ھ/۱۹۱۱ء) شامل فرمایا۔

جیسا کہ عرض کیا گیا یہ رسالہ کفل الفقیہ کا ضمیمہ سمجھنا چاہیئے۔ کفل الفقیہ لکھتے وقت ــــ مولانا عبد الحیٔ لکھنوی کے بعض مباحث کی تردید کی تھی۔ لیکن لکھ چکنے کے بعد غالباً ہندوستان آکر معلوم ہوا کہ مولوی رشید احمد گنگوہی نے بھی اس کے خلاف لکھا ہے چناں چہ بطور ضمیمہ بعض نئے مباحث کا اضافہ کیا گیا۔ خود فاضل مصنف اس طرح صراحت فرماتے ہیں :-

الحمد للہ رسالہ مبارکہ "کفل الفقیہ الفاھم فی احکام قرطاس الدراھم" (۱۳۲۴ھ) نے نوٹ کے متعلق جملہ مسائل ایسے بیان نفیس سے روشن کئے کہ اصلاً کسی مسئلے میں حالت منتظر باقی نہ رہی، یہ رسالہ مکہ معظمہ میں وہاں کے دو علمائے کرام کے استفتاء پر نہایت قلیل مدت میں تصنیف ہوا۔ اس وقت تک قم سے کم

---

[1] احمد رضا خاں : کفل الفقیہ، ص ۱۶۴

Marfat.com

سنة ثلاث وعشرين وثلاث مأة والف.[1]

ترجمہ) فقہ حنفی اور اس کی جزئیات پر مولانا احمد رضا خاں کو جو عبور حاصل ہے اس کی نظیر شاید ہی کہیں ملے اور اس دعویٰ پر ان کا مجموعہ فتاویٰ شاہد ہے نیز ان کی تصنیف "کفل الفقیہ الفاھم فی احکام قرطاس الدراھم" جو انہوں نے ۱۳۲۳ھ میں مکہ معظمہ میں لکھی تھی۔

---

کفل الفقیہ کی طباعت ثانی کے وقت فاضل بریلوی نے مزید اضافے فرمائے جس کی صراحت طباعت دوم کے آخر میں اس طرح فرمائی ہے :۔

اب کہ کفل الفقیہ دوبارہ مع ترجمہ چھپا۔ مولوی گنگوہی صاحب کا فتویٰ نظر پڑا، اس کی طرف توجہ کی اور ساتھ ہی چاہا کہ فتوی مولوی لکھنوی صاحب پر بھی مستقل نظر پڑ جائے۔ خیال تھا کہ مباحث تو رسالے ہی میں تمام ہو چکے ہیں، غایت درجہ چھ ورق بس ہوں گے مگر فیض قدیر سے افاضۂ مضامین کی لگاتار بارش ہوئی اور قلم روکتے روکتے چھ ورق کی جگہ تین جز کا رسالہ ہو گیا[2]

---

آخر میں ہم علامہ بدر الدین احمد رضوی کی تالیف سوانح اعلیٰ حضرت سے بعض اقتباسات کی تلخیص پیش کرتے ہیں۔ ان میں بعض امور وہ ہیں جن کا بیان اوپر کیا جا چکا ہے اور بعض ان کے ذاتی مشاہدات پر مبنی ہیں :۔

(۱) قیام مکہ معظمہ کے زمانے میں جو آپ کی عزت و تکریم ہوئی اس کو سن سن کر اہل مدینہ کا

---

[1] عبد الحی لکھنوی : نزھۃ الخواطر و بھجۃ المسامع والنواظر (الجزء الثامن)، مطبوعہ حیدر آباد دکن، ۱۳۹۰ھ/ ۱۹۷۰ء، ص ۴۱

[2] احمد رضا خاں : کفل الفقیہ، مطبوعہ لاہور، ص ۱۶۷

Marfat.com

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۵۲ | ۱۶ | نماشائے | تماشائے |
| ۵۳ | ۳(حاشیہ) | روحت | روحانی |
| ۵۵ | ۱۸ | والہانہ محبت | والہانہ محبت وعشق ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ توحید ربانی کا تصور اور ادیان میں بھی پایا جاتا ہے۔ ہمارے ایمان ویقین کا طرۂ امتیاز محبت مصطفوی ہے صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا ذکر سراسر عشق ومحبت |
| ۵۷ | ۱۹ | عالم | عالَم |
| ۵۹ | ۵ | ذرات | ذوات |
| ۵۹ | ۱۳ | تھے | تھے |
| ۶۱ | ۱۰ | بے یارودبے وکیل | بے یار وبے وکیل |
| ۶۲ | ۳ | شاگر | شاگرد |
| ۶۲ | ۶ | ٮن | بن |
| ۶۳ | ۱۸ | آس | اُس |
| ۶۷ | ۴ | بزرگوں | بزرگوں |
| ۶۹ | ۱۰ | لوگار ثمات | لوگارثمات |
| ۷۱ | ۳(حاشیہ) | الاجازات المتبینہ | الاجازۃ المتینہ |
| ۷۵ | ۱۳ | اجات | اجازت |
| ۷۶ | ۱۷ | فصل | فضل |
| ۸۵ | ۷ | کی روشنی | × |
| ۸۸ | ۷ | بجن | بحسن |
| ۹۳ | ۳(حاشیہ) | نولکشو | نول کشور |
| ۹۴ | ۷ | مولوی احمد رضا خاں | مولوی احمد رضا خاں نے |
| ۹۹ | ۱۹ | علمیت | علمیت |

Marfat.com

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۱۰۷ | ۱۱ | بالمادۃ الغیبہ | بالمادۃ الغیبیّہ |
| ۱۰۹ | ۸ | تحرر | تحریر |
| ۱۱۶ | ۷ | نقفظ | لفظ |
| ۱۲۰ | ۳ | بافصل | بافضل |
| ۱۲۲ | ۱۰ | مصنتف | مصنف |
| ۱۲۳ | ۵ | مضف | مصنف |
| ۱۲۵ | ۹ | فصائل | فضائل |
| ۱۲۹ | ۱۲ | غاقلوں | عاقلوں |
| ۱۳۱ | ۱۵ | کریئم | کریم |
| ۱۳۷ | ۱۱ | عقلوٗں | عقلوں |
| ۱۳۸ | ۱۲ | فہاقہ | فہامہ |
| ۱۴۸ | ۲ | متاہیر | مشاہیر |
| ۱۴۸ | ۳ | کا ا | کام |
| ۱۵۸ | ۱۴ | کن | کن |
| ۱۶۰ | ۷ | لفیطا | لفظا |
| ۱۶۰ | ۱۲ | فریا | فرما |
| ۱۶۵ | ۱۵-۱۶ | تشریف لے گئے | حاضر ہوئے |
| ۱۷۰ | ۶ | منشکوک | مشکوک |
| ۱۷۰ | ۱۹ | ز | نے |
| ۱۷۱ | ۱۵ | خاضر | حاضر |
| ۱۷۳ | ۱۱(حاشیہ) | الملفوط | الملفوظ |
| ۱۷۳ | ۲(حاشیہ) | کہ عالم | کسی عالم |
| ۱۷۵ | ۱۸ | ا و ر | اور |
| ۱۷۷ | ۶(حاشیہ) | آجاتے | آتے جاتے |

Marfat.com

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
| --- | --- | --- | --- |
| ۱۸۰ | ۱۹ | عارفافہ | عارفانہ |
| ۱۸۴ | ۲ (حاشیہ) | ایضاً | الفیوضات الملکیہ |
| ۱۸۹ | ۱۹ | استلال | استدلال |
| ۱۹۰ | ۴ (حاشیہ) | مدتی | مدنی |
| ۱۹۰ | ۷ | ارشاد | اشارہ |
| ۱۹۲ | ۷ | کیا | گیا |
| ۱۹۳ | ۱ (حاشیہ) | اشہاب | الشہاب |
| ۱۹۸ | ۱۰ | تحریر | تحریریں |
| ۱۹۹ | ۱۲ | فصاہت | فقاہت |
| ۲۰۲ | ۹ (حاشیہ) | علیۃ | علیہ |
| ۲۰۳ | ۱۲ | اور | × |
| ۲۱۵ | نمبر ۱۰ | مظہریہ | مظہری |
| ۲۱۸ | نمبر ۶ | ۱۲۴ | ۲۱۶ |

ذخیرہ

Marfat.com

